# Noble Quran القُرآن الْحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) (حضرت شاہ عبدِالقادر) اردو ترجمہ بمعہ عربی

## سورة سَبَا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

.1 ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ ٱلَّذِى لَهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ

سب خوبی (حمد) اللہ کی ہے، جس کا ہے جو کچھ ہے آسمان وزمین میں،

وَلَهُ ٱلْحَمْدُ فِى ٱلْءَاخِرَةِ ۚ

اور اسی کی تعریف ہے آخرت میں۔

وَهُوَ ٱلْحَكِيمُ ٱلْخَبِيرُ

اور وہی ہے حکمتوں والا سب جانتا۔

.2 يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِى ٱلْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

جانتا ہے جو پیٹھتا (داخل ہوتا) ہے زمین میں، اور جو نکلتا ہے اس سے،

وَمَا يَنزِلُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ۚ

اور جو اُترتا ہے آسمان سے، اور جو چڑھتا ہے اس میں،

وَهُوَ ٱلرَّحِيمُ ٱلۡغَفُورُ

اور وہی ہے رحم والا بخشتا۔

.3 وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَا تَأۡتِينَا ٱلسَّاعَةُۖ

اور کہنے لگے منکر، نہ آئے گی ہم پر وہ گھڑی۔

قُلۡ بَلَىٰ

تُو کہہ، کیوں نہیں؟

وَرَبِّي لَتَأۡتِيَنَّكُمۡ عَٰلِمِ ٱلۡغَيۡبِۖ

قسم ہے میرے رب کی، البتہ آئے گی تم پر، اُس چھپے جاننے والے کی۔

لَا يَعۡزُبُ عَنۡهُ مِثۡقَالُ ذَرَّةٖ فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَلَا فِي ٱلۡأَرۡضِ

غائب نہیں ہو سکتا اُس سے کچھ ذرّہ بھر آسمانوں میں نہ زمین میں،

وَلَآ أَصۡغَرُ مِن ذَٰلِكَ وَلَآ أَكۡبَرُ إِلَّا فِي كِتَٰبٖ مُّبِينٖ

اور اور کوئی چیز نہیں اس سے چھوٹی نہ اس سے بڑی، جو نہیں ہے کھلی کتاب (لوحِ محفوظ) میں۔

.4 لِّيَجۡزِيَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِۚ

تا (کہ) بدلہ دے اُنکو، جو یقین لائے اور کئے بھلے کام۔

أُوْلَٰٓئِكَ لَهُم مَّغۡفِرَةٞ وَرِزۡقٞ كَرِيمٞ

وہ جو ہیں، اُن کو ہے معافی اور روزی عزت کی۔

| | |
|---|---|
| وَٱلَّذِينَ سَعَوۡ فِيٓ ءَايَٰتِنَا مُعَٰجِزِينَ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مِّن رِّجۡزٍ أَلِيمٌ<br>اور جو لوگ دوڑے ہماری آیتوں کے ہرانے (نیچا دکھانے)، اُن کو بلا کی مار ہے دُکھ والی۔ | .5 |
| وَيَرَى ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡعِلۡمَ ٱلَّذِيٓ أُنزِلَ إِلَيۡكَ مِن رَّبِّكَ هُوَ ٱلۡحَقَّ<br>اور دیکھ لیں جن کو ملی ہے سمجھ، کہ تجھ پر اُترا تیرے رب سے، وہی ٹھیک (حق) ہے،<br>وَيَهۡدِيٓ إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَمِيدِ<br>اور سوجھاتا ہے راہ اس زبردست خوبیوں والے کی۔ | .6 |
| وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ هَلۡ نَدُلُّكُمۡ عَلَىٰ رَجُلٖ يُنَبِّئُكُمۡ<br>اور کہنے لگے منکر، ہم بتائیں تم کو ایک مرد، کہ تم کو خبر دیتا ہے،<br>إِذَا مُزِّقۡتُمۡ كُلَّ مُمَزَّقٍ إِنَّكُمۡ لَفِي خَلۡقٖ جَدِيدٍ<br>جب تم پھٹ کر ہو جاؤ ٹکڑے ٹکڑے، تم کو پھر نیا بننا ہے (پیدا ہونا ہے نئے سرے سے)۔ | .7 |
| أَفۡتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا أَم بِهِۦ جِنَّةُۢۗ<br>کیا بنالایا ہے اللہ پر جھوٹ؟<br>یا اس کو سودا (دیواندگی) ہے۔<br>بَلِ ٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِٱلۡأٓخِرَةِ فِي ٱلۡعَذَابِ وَٱلضَّلَٰلِ ٱلۡبَعِيدِ<br>کوئی نہیں! جو یقین نہیں رکھتے آخرت کا آفت میں ہیں، اور صریح غلطی میں۔ | .8 |

| | |
|---|---|
| أَفَلَمۡ يَرَوۡاْ إِلَىٰ مَا بَيۡنَ أَيۡدِيهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِۚ<br>کیا دیکھتے نہیں؟ جو کچھ ان کے آگے ہے اور پیچھے ہے، آسمان و زمین میں۔<br>إِن نَّشَأۡ نَخۡسِفۡ بِهِمُ ٱلۡأَرۡضَ أَوۡ نُسۡقِطۡ عَلَيۡهِمۡ كِسَفٗا مِّنَ ٱلسَّمَآءِۚ<br>اگر ہم چاہیں، دھنسا دیں ان کو زمین میں، یا گرا دیں اُن پر ٹکڑا آسمان سے۔<br>إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَةٗ لِّكُلِّ عَبۡدٖ مُّنِيبٖ<br>اس میں پتا (نشانی) ہے ہر بندے کو، جو (اللہ کی طرف) رجوع رکھتا ہے۔ | .9 |
| وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا دَاوُۥدَ مِنَّا فَضۡلٗاۖ<br>اور ہم نے دی داؤد کو اپنی طرف سے بڑائی۔<br>يَٰجِبَالُ أَوِّبِي مَعَهُۥ وَٱلطَّيۡرَۖ<br>اے پہاڑو! رجوع سے پڑھو اسکے ساتھ اور اڑتے جانورو!<br>وَأَلَنَّا لَهُ ٱلۡحَدِيدَ<br>اور نرم کر دیا ہم نے اس کے آگے لوہا۔ | .10 |
| أَنِ ٱعۡمَلۡ سَٰبِغَٰتٖ وَقَدِّرۡ فِي ٱلسَّرۡدِۖ<br>کہ بنا کشادہ زرہیں، اور اندازے سے جوڑ کر کڑیاں،<br>وَٱعۡمَلُواْ صَٰلِحًاۖ<br>اور کرو تم سب کام بھلا۔ | .11 |

إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

میں جو کرتے ہو دیکھتا ہوں۔

.12 وَلِسُلَيْمَٰنَ ٱلرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ

اور سلیمان کے آگے باؤ (ہوا)، صبح کی منزل ایک مہینے کی راہ اور شام کی منزل ایک مہینہ۔

وَأَسَلْنَا لَهُۥ عَيْنَ ٱلْقِطْرِ

اور بہادیا ہم نے اس کے واسطے چشمہ پگھلتے تانبے کا۔

وَمِنَ ٱلْجِنِّ مَن يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِۦ

اور جِنّوں میں سے کتنے لوگ جو محنت کرتے اس کے سامنے، اس کے رب کے حکم سے۔

وَمَن يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ ٱلسَّعِيرِ

اور جو کوئی پھرے ان میں ہمارے حکم سے چکھائیں ہم اس کو آگ کی مار۔

.13 يَعْمَلُونَ لَهُۥ مَا يَشَآءُ مِن مَّحَٰرِيبَ وَتَمَٰثِيلَ وَجِفَانٍ كَٱلْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَّاسِيَٰتٍ

بناتے اس کے واسطے جو چاہتا قلعے اور تصویریں، اور لگن جیسے تالاب اور دیگیں چولھوں پر جمیں۔

ٱعْمَلُوٓا۟ ءَالَ دَاوُۥدَ شُكْرًا

کام کرو داؤد کے گھر والو! حق مان کر۔

وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِىَ ٱلشَّكُورُ

اور تھوڑے ہیں میرے بندوں میں حق ماننے (شکر کرنے) والے۔

.14 فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ ٱلْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ مَوْتِهِۦٓ إِلَّا دَآبَّةُ ٱلْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنسَأَتَهُۥ ۖ

پھر جب تقدیر کی ہم نے اس پر موت، نہ جتایا اُن کو اس کا مرنا مگر کیڑے نے گہن کے، کھاتا رہا اس کا عصا۔

فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ ٱلْجِنُّ

پھر جب وہ گر پڑا، معلوم کیا جِنّوں نے،

أَن لَّوْ كَانُوا۟ يَعْلَمُونَ ٱلْغَيْبَ مَا لَبِثُوا۟ فِى ٱلْعَذَابِ ٱلْمُهِينِ

کہ اگر خبر رکھتے ہوتے غیب کی، نہ رہتے ذلت کی تکلیف میں۔

.15 لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِى مَسْكَنِهِمْ ءَايَةٌ ۖ

قوم سبا کو تھی اُن کی بستی میں نشانی۔

جَنَّتَانِ عَن يَمِينٍ وَشِمَالٍ ۖ

دو باغ داہنے اور بائیں۔

كُلُوا۟ مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَٱشْكُرُوا۟ لَهُۥ ۚ

کھاؤ روزی اپنے رب کی، اور اس کا شکر کرو،

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ

دیس ہے پاکیزہ، اور رب ہے گناہ بخشتا۔

.16 فَأَعْرَضُوا۟ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ ٱلْعَرِمِ

پھر دھیان میں نہ لائے، پھر چھوڑ دیا ہم نے اُن پر نالہ زور کا،

| | |
|---|---|
| وَبَدَّلۡنَٰهُم بِجَنَّتَيۡهِمۡ جَنَّتَيۡنِ ذَوَاتَيۡ أُكُلٍ خَمۡطٍ وَأَثۡلٍ وَشَيۡءٍ مِّن سِدۡرٍ قَلِيلٍ<br>اور دیئے انکو بدلے ان دو باغوں کے دو اور باغ، جس میں کچھ ایک میوہ کسیلا اور جھاؤ، اور کچھ بیر تھوڑے سے۔ | |
| ذَٰلِكَ جَزَيۡنَٰهُم بِمَا كَفَرُواْۖ<br>یہ بدلہ دیا ہم نے ان کو اس پر کہ ناشکری کی۔<br>وَهَلۡ نُجَٰزِيٓ إِلَّا ٱلۡكَفُورَ<br>اور ہم (ایسا) بدلہ اسکو دیتے ہیں جو ناشکر ہو۔ | .17 |
| وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُمۡ وَبَيۡنَ ٱلۡقُرَى ٱلَّتِي بَٰرَكۡنَا فِيهَا قُرٗى ظَٰهِرَةٗ<br>اور رکھی تھی ہم نے ان میں اور ان بستیوں میں جہاں ہم نے برکت رکھی ہے، بستیاں راہ پر نظر آتیں،<br>وَقَدَّرۡنَا فِيهَا ٱلسَّيۡرَۖ<br>اور منزلیں ٹھہرا دیں ہم نے ان میں چلنے کی۔<br>سِيرُواْ فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا ءَامِنِينَ<br>پھرو ان میں راتوں اور دنوں امن سے۔ | .18 |
| فَقَالُواْ رَبَّنَا بَٰعِدۡ بَيۡنَ أَسۡفَارِنَا وَظَلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ<br>پھر کہنے لگے اے رب! فرق ڈال ہمارے سفر میں، اور اپنا بُرا کیا،<br>فَجَعَلۡنَٰهُمۡ أَحَادِيثَ وَمَزَّقۡنَٰهُمۡ كُلَّ مُمَزَّقٍۚ<br>پھر کر ڈالا ہم نے اُن کو کہانیاں اور چیر کر کر ڈالا ٹکڑے۔ | .19 |

إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَأَيَٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ

اس میں پتے (نشانیاں) ہیں ہر ٹھہرنے (صبر کرنے) والے کو، جو حق سمجھے۔

.20 وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ ظَنَّهُۥ فَٱتَّبَعُوهُ إِلَّا فَرِيقًا مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ

اور سچ کر دکھائی اُن پر ابلیس نے اپنی اٹکل (گمان)، پھر اسی کی راہ چلے، مگر تھوڑے سے ایماندار۔

.21 وَمَا كَانَ لَهُۥ عَلَيْهِم مِّن سُلْطَٰنٍ

اور اُس کا ان پر کچھ زور نہ تھا،

إِلَّا لِنَعْلَمَ مَن يُؤْمِنُ بِٱلْءَاخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِى شَكٍّ ۗ

مگر اتنے واسطے تا (کہ) معلوم کریں ہم، کون یقین لاتا ہے آخرت پر،

الگ اس سے جو رہتا ہے اسکی طرف سے دھوکے میں۔

وَرَبُّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ حَفِيظٌ

اور تیرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔

.22 قُلِ ٱدْعُوا۟ ٱلَّذِينَ زَعَمْتُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ ۖ

تُو کہہ، پکارو اُن کو جن کو دعویٰ کرتے ہو، سوا اللہ کے۔

لَا يَمْلِكُونَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَلَا فِى ٱلْأَرْضِ

وہ نہیں مالک ایک ذرّہ بھر کے آسمانوں میں نہ زمین میں،

| | | |
|---|---|---|
| | وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِن شِرْكٍ وَمَا لَهُۥ مِنْهُم مِّن ظَهِيرٍ<br>اور نہ اُن کا ان دونوں میں ساجھا، اور نہ ان میں کوئی اس کا مددگار۔ | |
| | وَلَا تَنفَعُ ٱلشَّفَٰعَةُ عِندَهُۥٓ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُۥ<br>اور کام نہیں آتی سفارش اسکے پاس مگر اس کو جس کے واسطے حکم دیا۔<br>حَتَّىٰٓ إِذَا فُزِّعَ عَن قُلُوبِهِمْ قَالُوا۟ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ<br>یہاں تک کہ جب گھبر اہٹ اُٹھائی جائے اُن کے دل سے، کہیں، کیا فرمایا تمہارے رب نے؟<br>قَالُوا۟ ٱلْحَقَّ<br>وہ کہیں، جو واجبی ہے۔<br>وَهُوَ ٱلْعَلِىُّ ٱلْكَبِيرُ<br>اور وہ ہے سب سے اُوپر بڑا۔ | .23 |
| | قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ<br>تُو کہہ، کون روزی دیتا ہے تم کو آسمانوں سے اور زمین سے؟<br>قُلِ ٱللَّهُ<br>بتا کہ اللہ!<br>وَإِنَّآ أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِى ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ<br>اور یا ہم یا تم بیشک سوجھ پر ہیں، یا پڑے ہیں بہکاوے میں صریح۔ | .24 |

.25 قُل لَّا تُسۡـَٔلُونَ عَمَّآ أَجۡرَمۡنَا وَلَا نُسۡـَٔلُ عَمَّا تَعۡمَلُونَ

تُو کہہ، تم سے نہ پوچھیں گے جو ہم نے گناہ کیا، اور ہم سے نہ پوچھیں گے جو تم کرتے ہو۔

.26 قُلۡ يَجۡمَعُ بَيۡنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفۡتَحُ بَيۡنَنَا بِٱلۡحَقِّ

تُو کہہ، جمع کریگا ہم سب کو رب ہمارا، پھر فیصلہ کریگا ہم میں انصاف کا۔

وَهُوَ ٱلۡفَتَّاحُ ٱلۡعَلِيمُ

اور وہی ہے نیاؤ چکانے (بہترین فیصلہ کرنے) والا سب جانتا۔

.27 قُلۡ أَرُونِيَ ٱلَّذِينَ أَلۡحَقۡتُم بِهِۦ شُرَكَآءَۖ

تُو کہہ، مجھ کو دکھاؤ تو، جن کو اس سے ملاتے ہو ساجھی ٹھہرا کر۔

كَلَّاۚ

کوئی (ہرگز) نہیں!

بَلۡ هُوَ ٱللَّهُ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ

وہی ہے اللہ زبردست حکمتوں والا۔

.28 وَمَآ أَرۡسَلۡنَٰكَ إِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ

اور تجھ کو جو ہم نے بھیجا، سو سارے لوگوں کے واسطے خوشی اور ڈر سنانے کو، لیکن بہت لوگ نہیں سمجھتے۔

.29 وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا ٱلۡوَعۡدُ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ

اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ؟ اگر تم سچے ہو۔

| | |
|---|---|
| .30 | قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوۡمٍ لَّا تَسۡتَـٔۡخِرُونَ عَنۡهُ سَاعَةً وَلَا تَسۡتَقۡدِمُونَ<br>تُو کہہ، تم کو وعدہ ہے ایک دن کا، نہ دیر کرو گے اس سے ایک گھڑی، نہ شتابی (جلدی)۔ |
| .31 | وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَن نُّؤۡمِنَ بِهَٰذَا ٱلۡقُرۡءَانِ وَلَا بِٱلَّذِي بَيۡنَ يَدَيۡهِ ۗ<br>اور کہنے لگے منکر، ہم ہرگز نہ مانیں گے یہ قرآن، اور نہ اس سے اگلا (پہلی کتابیں)۔<br>وَلَوۡ تَرَىٰٓ إِذِ ٱلظَّٰلِمُونَ مَوۡقُوفُونَ عِندَ رَبِّهِمۡ يَرۡجِعُ بَعۡضُهُمۡ إِلَىٰ بَعۡضٍ ٱلۡقَوۡلَ<br>اور کبھی تو دیکھے، جب گنہگار کھڑے کئے گئے ہیں اپنے رب کے پاس، ایک دوسرے پر ڈالتا ہے بات۔<br>يَقُولُ ٱلَّذِينَ ٱسۡتُضۡعِفُواْ لِلَّذِينَ ٱسۡتَكۡبَرُواْ لَوۡلَآ أَنتُمۡ لَكُنَّا مُؤۡمِنِينَ<br>کہتے ہیں جن کو کمزور سمجھا تھا، بڑائی کرنے والوں کو، اگر تم نہ ہوتے تو ہم ایماندار ہوتے۔ |
| .32 | قَالَ ٱلَّذِينَ ٱسۡتَكۡبَرُواْ لِلَّذِينَ ٱسۡتُضۡعِفُوٓاْ<br>کہنے لگے بڑائی کرنے والے کمزور گنے گیوں کو،<br>أَنَحۡنُ صَدَدۡنَٰكُمۡ عَنِ ٱلۡهُدَىٰ بَعۡدَ إِذۡ جَآءَكُم ۖ<br>کیا ہم نے روک رکھا تھا تم کو سوجھ کی بات (ہدایت) سے؟ تمہارے پاس پہنچے پیچھے،<br>بَلۡ كُنتُم مُّجۡرِمِينَ<br>کوئی نہیں! تم ہی تھے گنہگار۔ |
| .33 | وَقَالَ ٱلَّذِينَ ٱسۡتُضۡعِفُواْ لِلَّذِينَ ٱسۡتَكۡبَرُواْ<br>وہ کہنے لگے کمزور گنے گئے، بڑائی کرنے والوں کو، |

| | |
|---|---|
| بَلْ مَكْرُ ٱلَّيْلِ وَٱلنَّهَارِ<br>کوئی نہیں! پر فریب سے رات دن کے،<br>إِذْ تَأْمُرُونَنَآ أَن نَّكْفُرَ بِٱللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُۥٓ أَندَادًا ۚ<br>جب تم ہم کو حکم کرتے، کہ ہم نہ مانیں اللہ کو اور ٹھہرائیں اسکے ساتھ برابر کے۔<br>وَأَسَرُّوا۟ ٱلنَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا۟ ٱلْعَذَابَ وَجَعَلْنَا ٱلْأَغْلَٰلَ فِىٓ أَعْنَاقِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ۚ<br>اور چھپے چھپے پچھتانے لگے، جب دیکھا عذاب۔ اور ہم نے ڈالے ہیں طوق گردنوں میں منکروں کے۔<br>هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ<br>وہی بدلہ پاتے ہیں، جو کرتے تھے۔ | |
| وَمَآ أَرْسَلْنَا فِى قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَآ<br>اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا، مگر کہنے لگے ہیں وہاں کے آسودہ لوگ،<br>إِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُم بِهِۦ كَٰفِرُونَ<br>ہم تمہارے ہاتھ بھیجا نہیں مانتے۔ | .34 |
| وَقَالُوا۟ نَحْنُ أَكْثَرُ أَمْوَٰلًا وَأَوْلَٰدًا وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ<br>اور کہنے لگے، ہم کو زیادہ ہے مال اور اولاد، اور ہم پر آفت نہیں آنی۔ | .35 |
| قُلْ إِنَّ رَبِّى يَبْسُطُ ٱلرِّزْقَ لِمَن يَشَآءُ وَيَقْدِرُ<br>تُو کہہ، میرا رب ہے جو پھیلا دیتا ہے روزی جس کو چاہے، اور ماپ کر دیتا ہے (جس کو چاہے)، | .36 |

| | |
|---|---|
| وَلَـٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ<br>لیکن بہت لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔ | |
| وَمَآ أَمۡوَٰلُكُمۡ وَلَآ أَوۡلَـٰدُكُم بِٱلَّتِي تُقَرِّبُكُمۡ عِندَنَا زُلۡفَىٰٓ<br>اور تمہارے مال اور تمہاری اولاد، وہ نہیں کہ نزدیک کر دیں ہمارے پاس تمہارا درجہ،<br>إِلَّا مَنۡ ءَامَنَ وَعَمِلَ صَـٰلِحًا<br>پر جو کوئی یقین لایا، اور بھلا کام کیا۔<br>فَأُوْلَـٰٓئِكَ لَهُمۡ جَزَآءُ ٱلضِّعۡفِ بِمَا عَمِلُواْ وَهُمۡ فِي ٱلۡغُرُفَـٰتِ ءَامِنُونَ<br>سو ان کو ہے بدلہ دُونا اُن کے کئے (اعمال) پر،<br>اور وہ جھروکوں (جنت کے دریچوں) میں بیٹھے ہیں خاطر جمع (اطمینان) سے۔ | .37 |
| وَٱلَّذِينَ يَسۡعَوۡنَ فِيٓ ءَايَـٰتِنَا مُعَـٰجِزِينَ أُوْلَـٰٓئِكَ فِي ٱلۡعَذَابِ مُحۡضَرُونَ<br>اور جو لوگ دوڑتے ہیں ہماری آیتوں کے ہرانے (نیچا دکھانے) کو، وہ مار میں پکڑے آتے ہیں۔ | .38 |
| قُلۡ إِنَّ رَبِّي يَبۡسُطُ ٱلرِّزۡقَ لِمَن يَشَآءُ مِنۡ عِبَادِهِۦ وَيَقۡدِرُ لَهُۥۚ<br>تُو کہہ، میرا رب پھیلا دیتا ہے روزی، جسکو چاہے اپنے بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہے اسکو (جس کو چاہے)۔<br>وَمَآ أَنفَقۡتُم مِّن شَيۡءٖ فَهُوَ يُخۡلِفُهُۥۖ<br>اور جو خرچ کرتے ہو کچھ چیز، وہ اس کا عوض دیتا ہے،<br>وَهُوَ خَيۡرُ ٱلرَّـٰزِقِينَ<br>اور وہ بہتر ہے روزی دینے والا۔ | .39 |

.40 وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلَٰٓئِكَةِ

اور جس دن جمع کریگا ان سب کو، پھر کہے گا فرشتوں کو،

أَهَٰٓؤُلَآءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا۟ يَعْبُدُونَ

کیا یہ لوگ تھے تم کو پُوجتے؟

.41 قَالُوا۟ سُبْحَٰنَكَ أَنتَ وَلِيُّنَا مِن دُونِهِم ۖ

وہ بولے، پاک ذات ہے تیری، ہم تیری طرف ہیں، نہ (کہ) اُن کی طرف۔

بَلْ كَانُوا۟ يَعْبُدُونَ ٱلْجِنَّ ۖ أَكْثَرُهُم بِهِم مُّؤْمِنُونَ

نہیں پر (یہ) پوجتے تھے جِنّوں کو۔ یہ اکثر انہی پر یقین رکھتے ہیں۔

.42 فَٱلْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا ضَرًّا

سو آج تم مالک نہیں ایک دوسرے کے بھلے کے، نہ بُرے کے،

وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ ذُوقُوا۟ عَذَابَ ٱلنَّارِ ٱلَّتِى كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ

اور کہیں گے ہم ان گنہگاروں کو، چکھو تکلیف اس آگ کی، جس کو تم جھوٹ بتاتے تھے۔

.43 وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتُنَا بَيِّنَٰتٍ قَالُوا۟

اور جب پڑھی جائیں ان پاس ہماری آیتیں کھُلی،

مَا هَٰذَآ إِلَّا رَجُلٌ يُرِيدُ أَن يَصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ ءَابَآؤُكُمْ

کہیں اور نہیں مگر یہ ایک مرد ہے، کہ چاہتا ہے روک دے تم کو اُن سے جنکو پوجتے رہے تمہارے باپ دادے۔

| | |
|---|---|
| وَقَالُوا۟ مَا هَٰذَآ إِلَّآ إِفْكٌ مُّفْتَرًى ۚ<br>اور کہیں، اور نہیں، یہ جھوٹ ہے باندھ لیا۔<br>وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ إِنْ هَٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ<br>اور کہتے ہیں منکر ٹھیک بات کو، جب پہنچے اُن تک، اور نہیں، یہ جادو ہے صریح۔ | |
| وَمَآ ءَاتَيْنَٰهُم مِّن كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا ۖ<br>اور ہم نے دی نہیں ان کو کچھ کتابیں، جن کو پڑھتے ہیں،<br>وَمَآ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِن نَّذِيرٍ<br>اور بھیجا نہیں ان پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا۔ | .44 |
| وَكَذَّبَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ<br>اور جھٹلایا ہے ان سے اگلوں نے،<br>وَمَا بَلَغُوا۟ مِعْشَارَ مَآ ءَاتَيْنَٰهُمْ فَكَذَّبُوا۟ رُسُلِى ۖ<br>اور یہ نہیں پہنچے دسویں حصّہ کو جو ہم نے اُن کو دیا تھا، پھر جھٹلایا میرے بھیجوں کو،<br>فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ<br>تو کیسا ہوا بگاڑ (عذاب) میرا؟ | .45 |
| قُلْ إِنَّمَآ أَعِظُكُم بِوَٰحِدَةٍ ۖ<br>تُو کہہ میں تو ایک ہی نصیحت کرتا ہوں تم کو، | .46 |

أَن تَقُومُوا۟ لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَٰدَىٰ ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا۟ ۚ

کہ اُٹھ کھڑے ہو اللہ کے کام پر دو دو اور ایک ایک، پھر دھیان کرو۔

مَا بِصَاحِبِكُم مِّن جِنَّةٍ ۚ

اس تمہارے رفیق کو کچھ سودا (دیوانہ پن) نہیں۔

إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَّكُم بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيدٍ

یہ تو ایک ڈرانے والا ہے تم کو، آگے آگے ایک بڑی آفت کے۔

قُلْ مَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۖ .47

تُو کہہ، جو میں نے تم سے مانگا تھا کچھ نیگ (اجر)۔ سو تمہیں کو پہنچے۔

إِنْ أَجْرِىَ إِلَّا عَلَى ٱللَّهِ ۖ

میرا نیگ (اجر) اسی اللہ پر،

وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ

اور اس کے سامنے ہے ہر چیز۔

قُلْ إِنَّ رَبِّى يَقْذِفُ بِٱلْحَقِّ عَلَّٰمُ ٱلْغُيُوبِ .48

تُو کہہ، میرا رب پھینکتا جاتا ہے سچا دین۔ وہ جاننے والا ہے چھپی چیزیں۔

قُلْ جَآءَ ٱلْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ ٱلْبَٰطِلُ وَمَا يُعِيدُ .49

تُو کہہ، آیا دین سچّا۔ اور جھوٹ کو نہ پہلا وار نہ دوسرا۔

| | |
|---|---|
| قُلۡ إِن ضَلَلۡتُ فَإِنَّمَآ أَضِلُّ عَلَىٰ نَفۡسِيۖ<br>تُو کہہ، اگر میں بہکا ہوں، تو یہی کہ بہکوں گا اپنے بُرے کو۔<br>وَإِنِ ٱهۡتَدَيۡتُ فَبِمَا يُوحِيٓ إِلَيَّ رَبِّيٓۚ<br>اور اگر میں سوجھا (ہدایت پر) ہوں تو اس سبب سے کہ وحی بھیجتا ہے مجھ کو میرا رب۔<br>إِنَّهُۥ سَمِيعٞ قَرِيبٞ<br>وہ سُنتا ہے نزدیک۔ | .50 |
| وَلَوۡ تَرَىٰٓ إِذۡ فَزِعُواْ فَلَا فَوۡتَ وَأُخِذُواْ مِن مَّكَانٖ قَرِيبٖ<br>اور کبھی تُو دیکھے، جب یہ گھبرائیں گے، پھر بھاگے نہیں بچتے، اور پکڑے آئے نزدیک جگہ سے۔ | .51 |
| وَقَالُوٓاْ ءَامَنَّا بِهِۦ<br>اور کہنے لگے، ہم نے اس کو یقین مانا،<br>وَأَنَّىٰ لَهُمُ ٱلتَّنَاوُشُ مِن مَّكَانِۭ بَعِيدٖ<br>اب کہاں ان کا ہاتھ پہنچ سکتا ہے دُور جگہ سے۔ | .52 |
| وَقَدۡ كَفَرُواْ بِهِۦ مِن قَبۡلُۖ وَيَقۡذِفُونَ بِٱلۡغَيۡبِ مِن مَّكَانِۭ بَعِيدٖ<br>اور اس سے منکر ہو رہے آگے (پہلے) سے۔ اور پھینکتے رہے بن دیکھے نشانے پر، دور جگہ سے۔ | .53 |
| وَحِيلَ بَيۡنَهُمۡ وَبَيۡنَ مَا يَشۡتَهُونَ كَمَا فُعِلَ بِأَشۡيَاعِهِم مِّن قَبۡلُۚ<br>اور اٹکاؤ (پردہ) پڑ گیا اُن میں اور جو ان کا جی چاہے ان میں جیسا کیا گیا ہے ان کے راہ والوں سے پہلے۔ | .54 |

إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُّرِيبٍ

وہ لوگ تھے دھوکے میں جو چین نہ لینے دیتا۔

*********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**
**Email:**
quran4u_com@yahoo.com